# 21469 - حج تمتع میں عمرہ اورحج کے مابین کسی دوسرے کی جانب سے عمرہ کرنے کا حکم

**سوال**

میں نے اس برس حج تمتع کی ادائیگي کی ، توکیا کسی شخص کے لیے جائز ہے کہ وہ حج اورعمرہ کے مابین کسی دوسرے کی جانب سے عمرہ کی ادائیگي کرلے ( میں تنعیم جاکروہاں سے احرام باندھ لوں ) ؟ مجھے یہ کہا گیا کہ ایسا کرنا جائز نہيں ، لیکن میں ایسے لوگوں کوجانتا ہوں جنہوں نے حج تمتع کیا اوراورانہوں نے اپنے حج اورعمرہ کے مابین دوسروں کی جانب سے کئي ایک عمرے بھی کیے ، اوراسی طرح انہوں نےاپنے لیے نفلی عمرہ بھی کیا ،توکیا ایسا کرنا جائز ہے کہ نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

یہ جائزتوہے لیکن سنت نہيں ، بلکہ سنت طریقہ تویہ ہے کہ وہ ایک سفر میں کئي ایک عمرے تکرارکے ساتھ نہ کرے ، بلکہ اسے ایک ہی کام کافی ہے ، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل بھی یہی ہے ۔

لیکن جس شخص کے لیے وہ عمرہ کرنا چاہتا ہے اس میں بہتر اورافضل تویہ ہے کہ وہ اس کے لیے دعا کرے ، اوراس میں یہی افضل بھی ہے ۔

واللہ اعلم .